مولانا محمد ابراہیم فانی

تعارف و تبصرہ کتب

کتاب : سوانح شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ مرتب : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت : ۳۲۰ صفحات قیمت : درج نہیں

ناشر : القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرۃ خالق آباد نوشہرہ۔

بانی دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحب قدس سرہ جن کا سانحہ ارتحال ۷ ستمبر ۱۹۸۸ء کو پیش آیا تھا آپ کی وفات کے بعد حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی زیر نگرانی ماہنامہ الحق کا ایک ضخیم نمبر (تقریباً ۱۲۰۰ صفحات پر) شائع ہوا۔ جس میں حضرت الشیخؒ کے سوانح حیات کے ساتھ ساتھ دارالعلوم حقانیہ کی تاریخ اس کے ارتقائی مراحل پر بھی سیر حاصل مواد موجود ہے اور یہ نمبر نہ صرف ایک تحقیقی اور حوالہ جاتی حیثیت کا حامل ہے بلکہ یہ حضرت مولانا کے متعلق ایک دائرۃ المعارف اور ایک پراز معلومات انسائیکلوپیڈیا ہے چونکہ اپنی ضخامت کے اعتبار سے یہ نمبر انتہائی غیر معمولی ہے جس سے استفادہ کرنا ہر کسی کے لئے آسان نہ تھا ۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ اس کی تلخیص ہو جائے تاکہ اس سے استفادہ میں کسی دقت اور دشواری کا سامنا نہ ہو۔ چنانچہ اس اہم ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے مولانا عبدالقیوم صاحب حقانی نے اس عظیم نمبر سے انتخاب کر کے یہ مرقع عقیدت تیار کیا ہے ۔

یہ کتاب ۲۴ ابواب پر مشتمل ہے جس میں حضرت شیخ الحدیثؒ کے عہد طفولیت سے لے کر تادم واپسیں کے تمام حالات وواقعات آپ کے امتیازات وخصوصیات علمی ودینی خدمات درس وتدریس افادہ، واستفادہ نظریہ تعلیم وتربیت ذوق علم وشوق مطالعہ پسندیدہ اشعار، اخلاق ومعمولات ذوق عبادت وانابت تقوی وخشیت الٰہی زہدو تواضع وفنائیت مخلوق خدا پر شفقت علم پروری اصاغر نوازی فیاضی وایثار جودوسخاوجاہت ومحبوبیت خاص منامی و بشارات کرامات وغیبی نصرت عشق رسولؐ سوز وگداز، محبت واتباع سنت دعوت وتبلیغ وعظ وخطبات مکتوبات محدثانہ جلالت قدر فقہی بصیرت وحکیمانہ انداز کارزار سیاست میں قدم دینی جذبہ شوق جہاد وجذبہ شہادت استغناء وسلاطین سے بے نیازی اور اسی طرح سینکڑوں عنوانات پر مشتمل گویا مژدہ قلوب کیلئے ایک نسخہ کیمیاء اور اکسیر شفاء ہے۔ کتاب کی ترتیب وتبویب اور طباعت وجلد بندی انتہائی سلیقہ سے کی گئی ہے جس سے اس کے ظاہری حسن میں انتہائی نکھار پیدا ہو گیا ہے۔ عقیدت مندان وارادت کشان حضرت شیخ الحدیثؒ کے لئے یہ ایک بے نظیر